# نماز کے بعد کے اذکار

1- سلام پھیرنے کے بعد، بلند آواز سے ایک بار **اَللّٰہُ اَکْبَرُ** "اللہ سب سے بڑا ہے"- صحیح بخاری: (842)

2- تین بار **أَسْتَغْفِرُاللّٰہَ** " میں اللہ سے بخشش مانگتا ہوں" پڑھے۔
صحیح مسلم: (1334)

3- **اللّٰھُمَّ أَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَاذَا الْجَلَالِ وَالإِكْرَامِ**
اے میرے اللہ ! آپ سراسر سلامتی ہیں اور آپ ہی سے سلامتی ملتی ہے، اے بزرگی اور عزت والے آپ بڑے ہی برکت والے ہیں۔
صحیح مسلم: (1334)

4- **اللّٰھُمَّ أَعِنِّي عَلَى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ**
اے اللہ ! اپنے ذکر، شکر اور اپنی بہترین عبادت کے سلسلہ میں میری مدد فرما۔ سنن ابو داود: 1522

# نماز کے بعد کے اذکار

5- لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرُ اللَّهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِ مِنْكَ الْجَدُّ

اللہ کے سوا کوئی الہ نہیں ہے، وہ اکیلا ہے اُس کا کوئی شریک نہیں بادشاہت اور تعریف اُسی کی ہے اور وہی ہر چیز پر قادر ہے اے میرے اللہ ! جو آپ عطا کریں اُسے روکنے والا کوئی نہیں اور جسے آپ روک دیں اُسے عطا کرنے والا کوئی نہیں اور کسی بزرگی والے کی بزرگی (بغیر عمل کے ) تیری بارگاہ میں کوئی فائدہ نہیں دے گی۔

صحیح بخاری: (6330)

# نماز کے بعد کے اذکار

6- اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ الْبُخْلِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ أَنْ أُرَدَّ إِلَى أَرْذَلِ الْعُمُرِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْقَبْر۔

اے اللہ ! میں بزدلی سے آپ کی پناہ میں آتا ہوں اور کنجوسی سے آپ کی پناہ میں آتا ہوں اور میں اس حالت سے بھی آپ کی پناہ میں آتا ہوں کہ مجھے سخت بڑھاپے کی طرف پھیر دیا جائے اور میں دنیا اور قبر کے عذاب سے آپ کی پناہ میں آتا ہوں ۔

صحیح بخاری: (6374)

# نماز کے بعد کے اذکار

7- لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَلَا نَعْبُدُ إِلَّا إِيَّاهُ لَهُ النِّعْمَةُ وَلَهُ الْفَضْلُ وَلَهُ الثَّنَاءُ الْحَسَنُ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُونَ۔

اللہ کے سوا کوئی الہ نہیں ہے، وہ اکیلا ہے اُس کا کوئی شریک نہیں بادشاہت اور تعریف اُسی کی ہے اور وہی ہر چیز پر قادر ہے اللہ کی توفیق کے بغیر کسی قسم کی کوئی حرکت وقوت نہیں ہے، نہ ہی اللہ کے سوا کوئی الہ ہے، ہم خاص اُسی کی عبادت کرتے ہیں، نعمت اور فضل کا مالک وہی ہے اور اُس کے لیے اچھی تعریف ہے، اُس کے سوا کوئی الہ نہیں ہم اخلاص کی حالت میں اُسی کی عبادت کرتے ہیں اگر چہ کافر اس کو نا پسند کریں۔

صحیح مسلم: (594)

# نماز کے بعد کے اذکار

## 8- رَبِّ قِنِي عَذَا بَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ۔

اے پروردگار! مجھے اپنے عذاب سے بچانا جس دن آپ اپنے بندوں کو اُٹھائیں۔

صحیح مسلم: (709)

# فجر کی نماز کے بعد ایک مرتبہ

## 9- اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْئَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا وَعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا وَرِزْقًا طَيِّبًا۔

اے اللہ ! میں تجھ سے نفع والا علم مقبول عمل اور پاکیزہ رزق کا سوال کرتا ہوں۔

سنن ابن ماجہ: (925)

# نماز کے بعد کے اذکار

10- اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ فِعْلَ الْخَيْرَاتِ وَ تَرْكَ الْمُنْكَرَاتِ وَ حُبَّ الْمَسَاكِينِ وَإِذَا أَرَدْتَ بِعِبَادِكَ فِتْنَةً فَاقْبِضْنِي إِلَيْكَ غَيْرَ مَفْتُونٍ۔

اے اللہ ! میں آپ سے اچھے کام کرنے اور برے کام چھوڑنے کا اور مساکین کی محبت کا سوال کرتا ہوں اور جب آپ اپنے بندوں کو آزمائش میں ڈالنے کا ارادہ فرمائیں تو مجھے بغیر آزمائے اپنی طرف اُٹھا لینا۔

جامعہ ترمذی: (3233)

11- سُبْحَانَ اللّٰہ (33)، الْحَمْدُ لِلَّهِ (33) اللّٰہُ أَكْبَر (34)

صحیح البخاري: (843)

# نماز کے بعد کے اذکار

-12

**اللّٰهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ لَا تَأْخُذُهُ سِنَةٌ وَلَا نَوْمٌ لَهُ مَا فِي السَّمَوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِي يَشْفَعُ عِنْدَهُ إِلَّا بِإِذْنِهِ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِنْ عِلْمِهِ إِلَّا بِمَا شَاءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمَاتِ وَالْأَرْضَ وَلَا يَئُودُهُ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ۔**

اللہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں ۔ وہ زندہ ہے۔ سب کا تھامنے والا، اس کو نہ اونگھ آتی ہے اور نہ نیند، اس کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے کون ہے جو اس کے پاس اس کی اجازت کے بغیر سفارش کرے ۔ وہ جانتا ہے جو کچھ ان کے آگے ہے اور جو کچھ ان کے پیچھے ہے۔ اور وہ اس کے علم میں سے کسی چیز کا احاطہ نہیں کر سکتے مگر جو وہ چاہے، اس کی حکومت آسمانوں اور زمین پر چھائی ہوئی ہے۔ وہ تھکتا نہیں ان کے تھامنے سے۔ اور وہی ہے بلند مرتبہ ، بڑا۔

عمل الیوم واللیلۃ: (100)

# نماز کے بعد کے اذکار

13-

فجر اور مغرب کے بعد تین تین مرتبہ، ظہر عصر اور عشا کے بعد ایک ایک مرتبہ معوذات پڑھیں یعنی **سورۃ اخلاص، سورۃ الفلق اور سورۃ الناس** ہیں۔

سنن ابي داود: (1523)

# فجر اور مغرب کی نماز کے بعد 10 مرتبہ

14- **لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِي ويُميتُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ**

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے ، اس کا کوئی شریک نہیں اس کی بادشاہت اور اس کے لیے سب تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر کامل قدرت رکھتا ہے۔

سنن ترمذي: (3474)